نیلامی ٹھیکہ حقوق ماھی گیری خیبر پختونخوا۔

برائے تین سال 2025-28(2025-26,2026-27,2027-28)

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محکمہ ماہی پروری خیبر پختونخوا، ضلع ہری پورکے مندرجہ ذیل سرکاری پانی کے حقوق ماہی گیری برائے مالی سال (2025-26 تا 2027-28) کو نیلام عام میں ٹھیکہ پر دینے جانے گا۔

سریل نمبر	نام سرکاری پانی	مقرر شدہ ضمانت (کال ڈیپازٹ)	مقرر شدہ ضمانت بنام	تاریخ /وقت نیلامی	مقام نیلامی
1	جنگڑا ڈیم ہری پور۔	Rs:200000/-	ڈسٹرکٹ آفیسرفشریز ہری پور	24/12/2025 11:00 AM بجے	دفتر ڈسٹرکٹ آفیسرفشریز ڈسٹرکٹ سیکٹریٹ سی بلاک نزد ڈی سٹاپ ہری پور۔

شرائط نیلامی:

(1)ٹھیکے کا دورانیہ مجاذ اتھارٹی سے ٹھیکہ کی منظوری سے لے کر31 اگست2028تک شمار کیا جائے گا۔(2)ہر وہ شخص بولی میں حصہ لینے کا مجاز ہو گا، جس نے مقرر شدہ رقم کسی بھی شیڈول بینک خیبرپختونخوا سے کال ڈیپازٹ کی صورت میں بنام ڈسٹرک آفیسرفشریزہری پور بمعہ شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی جمع کیا ہو، جوکہ بولی کے اختتام پر ناکام دہند ہ گان کو واپس کر دی جائے گی البتہ پہلے ، دوسرے اور تیسرے نمبر پر زیادہ بولی دہند گان کے کال ڈیپازٹ ٹھیکہ کی باقاعدہ منظوری تک محکمہ کے پاس امانتاً رہیں گے، علاوہ ازیں کا میاب بولی دہندہ کا کال ڈیپازٹ ٹھیکے کے اختتام تک محکمے کے ساتھ امانتاً رہے گا۔(نوٹ: تمام کال ڈیپازٹ کی تصدیق متعلقہ بینکوں سے کرائی جائے گی)۔

(3) ۔ کامیاب بولی دھندہ 3 سال کی مکمل اقساط 9 برابر اقساط میں جمع کرنے کا پابند ہو گا۔کامیاب بولی دھندہ پہلے سال کی رقم کا(1/3)موقع پر جمع کرنے کا پابند ہوگا اور باقی دو اقساط بولی ٹھیکہ سے 4 ماہ بعد اور 8 ماہ بعد ادا کرنے کا پابند ہو گا۔ دوسرے اور تیسرے سال کی پہلی قسط 31 جولائی اور دوسری قسط 30 نومبر اور تیسری قسط 31 مارچ کو ادا کرنے کا پابند ہو گا کسی بھی قسط کی عدم ادائیگی کی صورت میں مجاز اتھارٹی ٹھیکہ کینسل کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔ (4)۔کامیاب بولی دھندہ پہلے سال کی رقم کا(1/3) رقم کے علاوہ بقایا دو اقساط کے برابر رقم کیCDRبطور سیکورٹی /گارنٹی جمع کرنے کا پابند ہو گا (5)۔کا میاب بولی دھندہ اگر موقع پرپہلے سال کی رقم جمع کر نے میں نا کام رہا تو نیلام کنندہ کو یہ حق حاصل ہوگا کہ دوسرے نمبر پر ذیادہ یا تیسرے نمبرپر بولی دینے والے کو پیشکش کی جائے گی بشرطیہ کہ ان کی بولی کے درمیان فرق 10 فیصدسے زیادہ نہ ہواور پہلے بولی دہندہ کاCDRبحق سرکار ضبط کیا جائے گا ، بصورت دیگر دوسرے یا تیسرے نا کام بولی دھند ہ کے CDRبھی بحق سرکار کئے جائینگے اور ٹھیکہ دوبارہ نیلام کیا جائے گا۔ (6)ٹھیکیدار مچھلی بعداز منظوری ٹھیکہ پہلے سال کے ٹھیکہ کی کل رقم پر مروجہ رولز کے مطابق انکم ٹیکس کی رقم ایڈوانس جمع کرانے کا پابند ہو گا۔ اور دوسرے اورتیسرے سال کی قسط کے ساتھ ہی ایڈوانس انکم ٹیکس ادا کرنا ہوگی۔اس کے علاوہ حکومت کی طرف سے مجوزہ ٹیکسز وقتاً فوقتاًلا گو ہونے اور کمی پیشی کی صورت میں بھی ادا کرنے کا پابند ہو گا۔(7)ٹھیکیدار پر فشریز اینڈ ایکو ا کلچر ایکٹ 2022 ء،فشریز رولز 1976 اور تمام ترامیم /قوانین جو وقتاً فوقتاً کی گئی ہو یا آئندہ کی جائیں گی ،کی پابندی لازمی ہو گی۔

(8)مجاز اتھارٹی وجہ بتائے ٹھیکہ نا منظور کرنے کا مجاز ہو گا۔(9)کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکہ داردستخط شدہ معاہدہ کی شرائط کا پابند ہو گا۔ (10)۔وہ شخص جو محکمہ ماہی پروری کا یاکسی اور سرکاری ادارے کاباقی دار(Defaulter) ہو،نیلامی ٹھیکہ میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہو گا۔

(11)- ٹھیکہ داراس بات کا پابند ہوگاجو کشتیاں ماہی گیری کے لیے استعمال ہوتی ہیں۔اس میں تمام حفاظتی انتظامات بشمول لا یف جیکٹ میسر ہوں۔اور یہ کہ مذکورہ کشتیاں ما ہی گیری کے علاوہ کسی دوسرے مقصد کے لیے استعمال نہیں ہوگی بصورت دیگر کسی بھی نقصان کی صورت میں ٹھیکہ دار خود زمہ دار ہوگا اور محکمہ ماہی پروری پر کسی قسم کی زمہ دار ی نہیں ہوگی۔ (12)۔ کیچ اور ریلیز منصوبے /پالیسی کے تحت محکمہ کو اگر محدود تعداد میں مچھلی پکڑنی پڑی تو ٹھیکدار کو کوئی شکایت نہیں ہوگی۔(13)۔مزید معلومات /شرائط وضوابط کیلئے دفتر ی اوقات کار میں بذریعہ فون نمبروں (0995920131) , (0301-3903014) پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

المشتہر :ڈسٹرکٹ آفیسر فشریز ہری پور۔